کتاب: امام اعظم ابوحنیفہؒ   تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

فارسی ترجمہ: مولانا پائندہ محمد زعیم بدخشانی

ضخامت: ۱۶۸صفحات   قیمت: درج نہیں   ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، خالق آباد۔ نوشہرہ (سرحد)

اصل کتاب، مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے اردو زبان میں تحریر کی جس میں امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے حیرت انگیز واقعات اور دوسرے پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ مولانا پائندہ محمد زعیم بدخشانی نے بڑی کاوش سے اس کا فارسی میں ترجمہ کیا اور اس امید کا اظہار کیا ہے کہ یہ کتاب مجاہد و شہید پرور افغانستان کے حنفی مسلک عوام کے لیے بہت مفید ثابت ہوگی۔ اس کتاب میں امام اعظم ابوحنیفہؒ کے بارے میں ان کی زندگی کے دلچسپ اور سبق آموز واقعات بڑے دل نشیں انداز میں پیش کئے گئے ہیں۔ اس مختصر کتاب میں بہت سارے موضوعات کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ گویا دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ مترجم کو بلاشبہ اپنے فارسی قلم پر کامل مہارت حاصل ہے۔ حضرات جنہیں اپنی معاشی اور معاشرتی مصروفیات سے فرصت نہیں کہ وہ کسی درویش کی محفل میں شریک ہوسکیں، یہ کتاب ایسے لوگوں کے لیے مفید ثابت ہوگی۔

کتاب: سوانح مجاہد ملت، مولانا غلام غوث ہزارویؒ

تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

قیمت: ۹۰ روپے   ضخامت: ۲۲۸صفحات   ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد، نوشہرہ (سرحد)

مولانا غلام غوث ہزارویؒ سچائی کی ایک چلتی پھرتی تلوار تھے۔ ان کی زندگی میں جب بھی کبھی کسی فتنے نے سر اٹھایا، انہوں نے اس کی سرکوبی کی۔ اُن کی علمی، ادبی، تدریسی، سیاسی اور مذہبی خدمات اس قدر وسیع ہیں کہ اُن پر کام کرنے کے لیے ایک مدت چاہیے۔ تاہم مولانا عبدالقیوم حقانی نے اپنی مقدور بھر کوشش کی ہے کہ اُن کی زندگی کے کارہائے نمایاں حیطۂ تحریر میں آجائیں۔ مولانا ہزاروی کی شخصیت کے بے شمار پہلو ہیں اور وہ ہر پہلو سے ایک کھرے، بہادر، سچے اور متقی انسان تھے۔ محدث العصر علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کی شاگردی نے انہیں عالم باعمل بنایا اور امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کی رفاقت نے انہیں ایک مخلص دینی رہنما، محبِّ وطن سیاست دان اور قادر الکلام خطیب بنا دیا۔ انہوں نے سیاسی زندگی کا آغاز مجلس احرار اسلام کے سٹیج سے کیا اور مدتوں احرار کے تابندہ ستارے بن کر چمکتے رہے۔ بعد میں جمعیت علماء اسلام قائم کی۔ نجی محفل ہو یا جلسۂ عام درس قرآن وحدیث ہو یا پارلیمنٹ میں قومی مسائل پر خطاب۔ مولانا غلام غوث ہزارویؒ ہر محفل میں نمایاں رہے۔

زیر نظر کتاب میں مولانا کے فضائل ومناقب کے ساتھ ساتھ اُن کی سیرت وکردار اور جدوجہد پر سیر حاصل گفتگو کی گئی ہے۔